کل نمبر:25 ٹیسٹ اسلامیات (دوم) وقت:40 منٹ

چوتھا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ

سوال نمبر1: درست جواب کا انتخاب کریں۔ **(1.5×4=6)**

(i) مسلمان قربانی کرتے ہیں:

(ا)	عید میلادالنبی پر	(ب)	عیدالفطر پر	(ج)	عیدالاضحیٰ پر

(ii) ہمیں دو عیدیں عطا کی ہیں۔

(ا)	اللہ تعالیٰ نے	(ب)	اولیائے کرامؒ نے	(ج)	صحابہ کرامؓ نے

(iii) ....کی نماز سے پہلے میٹھی چیز کھانا سنت ہے۔

(ا)	فجر	(ب)	عیدالفطر	(ج)	عصر

(iv) عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟

(ا)	دس ذوالحجہ کو	(ب)	دس رمضان المبارک کو	(ج)	دس رجب المرجب کو

سوال نمبر2: مناسب الفاظ لگا کر خالی جگہ پُر کریں۔ **(1.5×6=9)**

(i) عیدالاضحیٰ پر مسلمان ______________ کرتے ہیں۔

(ii) عیدالفطر کی نماز سے پہلے ______________ کھانا سنت ہے۔

(iii) عیدالاضحیٰ ______________ کو منائی جاتی ہے۔

(iv) قربانی ______________ کی سنت میں ادا کی جاتی ہے۔

(v) عید کے دن اونچی آواز میں ______________ پڑھنی چاہیے۔

(vi) ______________ نے ہمیں دو عیدیں عطا کی ہیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ **(2×5=10)**

(i) اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون سی دو عیدیں عطا کی ہیں؟

(ii) عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟

(iii) قربانی کس نبی علیہ السلام کی سنت میں ادا کی جاتی ہے؟

(iv) تکبیرات کب پڑھی جاتی ہیں؟

(v) عیدالفطر کی نماز سے پہلے کیا چیز کھانی چاہیے؟